## نسلی اقلیتوں کی منتخب عوامی خدمات کے بارے میں آگاہی و شعور پر مطالعاتی رپورٹ

## خلاصہ کارفرمائی

### تعارف

#### *مطالعے کے اغراض و مقاصد*

1. اس مطالعہ کا مقصد نسلی اقلیتوں (ای۔ ایم) کا اہم عوامی خدمات کے بارے میں آگاہی و اطمینان کا تجزیہ کرنا اور مطالعہ میں شناخت شدہ مظہر کے بنیادی اسباب کی پہچان کرنا شامل ہے۔ بالخصوص، عمل میں مندرجہ ذیل ضوابط کو مدنظر رکھا گیا۔

(a) گہری مفاہمت اختیار کئے بغیر قابل انتظام گنجائش کے مفادات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے، مطالعہ ای۔ سے ہم آہنگ زیادہ مناسبت رکھنے والی منتخب عوامی خدمات کا احاطہ کرے۔ اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ مندرجہ ذیل چار عوامی خدمات کو شامل مطالعہ کیا جائے۔

(i) محکمہ مزدور (ایل۔ ڈی) کی طرف سے روزگار کی خدمات، بشمول تلاشِ روزگار ، حوالگی کا عمل اور روزگار کے لئے مشاورتی خدمات جو کہ زیادہ تر اس کے ملازمت کے مراکز کے ذریعے مہیا کی جاتی ہیں؛

(ii) بحالی تربیت بورڈ برائے ملازمین (ای۔ آر۔ بی) کے اپنے تربیتی عملے کے ذریعے دی جانے والی تربیت / بحالی تربیت کے پروگرامز؛

(ii) خاندان اور بچے کی فلاح و بہبود کی خدمات، نوجوانوں کے لئے خدمات، سماجی ترقی کی خدمات اور بزرگوں کے لئے خدمات، تکمیلی مراکز خدمت برائے خاندان (آئی۔ ایف۔ ایس۔ سی) / تکمیلی مراکز خدمات (آئی۔ ایس۔ سی)، تکمیلی مراکز خدمات برائے اطفال ونوجوانان (آئی۔ سی۔ وائی۔ ایس۔ سی)، ضلعی جمعیتی مراکز برائے بزرگان / قرب و جوار کے بزرگان کے مراکز کے ذریعے مہیا کی جاتی ہیں جو کہ محکمہ سماجی بہبود (ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی) کے تحت چلائے جاتے ہیں یا ان کی مالی اعانت شامل ہوتی ہے؛ اور

(iv) ملکی معاملات کے محکمے (ایچ۔ اے۔ ڈی) کی طرف سے اپنے معاون خدماتی مراکز اور ذیلی مراکز برائے ای۔ ایم (ای۔ ایم مراکز) کے ذریعے مہیا کی جانے والی تکمیلی خدمات، بشمول سکونت پذیر نسلی اقلیت کی ہم آہنگی اور بڑھوتری کا مرکز (سی۔ ایچ۔ ای۔ آر مرکز) جو کہ اپنی بنیادی خدمات کے ساتھ ساتھ عام تشریح اور فن ترجمانی کی خدمات مہیا کرتا ہے۔

(b) ای۔ ایم گروہوں کے ہدف میں جنوبی ایشیائی نسلیات کی ای۔ ایم شامل ہیں (مثلا ہندوستانی، نیپالی اور پاکستانی) چونکہ ای۔ ایم سے متعلق مفلسی کی رپورٹ سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ نسلی گروہ مفلسی کے خطرے سے زیادہ دوچار ہے۔ اسے مقامی سماج میں انضمام کے لئے زیادہ عوامی خدمات کی ضرورت ہے؛ اور

(c) چونکہ ہدف میں یہ بات شامل ہے کہ اصلاحی اقدامات کی تشکیل کے تناظر میں متعین آگاہی اور اطمینان بخش مراحل کے لئے بنیادی وجوہات یا اسباب کی شناخت کے لیے، مرکوز گروہی مباحثوں یا اسٹیک ہولڈرز

کے ساتھ انٹرویوز کے ذریعے اپنی نوعیت کے ایک مطالعہ کا اہتمام کیا جائے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کوششیں کی جانی چاہئیں کہ ای۔ ایم شرکاء ہانگ کانگ میں عمر، نسل، جنس، سماجی- اقتصادی مرتبے اور مسکن کے پھیلاؤ جیسے عوامل کی بنیاد پر ہدف بنائے گئے ای۔ ایم جواب دہندگان کی بخوبی و وسیع نمائندگی کا احاطہ کریں۔

## طریقہ کار

### رسائی

2. مطالعہ کے اہتمام کے دوران، یہ کوشش کی گئی کہ معاشی سرگرمی کی حیثیت، زبان پر دسترس اور تعلیمی درجے کے اعتبار سے مختلف ای۔ ایم تک رسائی ممکن ہو تاکہ انہیں عوامی خدمات کے حصول میں درپیش مسائل کا مؤثر اندازہ لگایا جا سکے۔ ذیل میں اختیار کئے گئے اقدامات کا خلاصہ پیش کیا جارہا ہے۔

a) مختلف اضلاع میں مقیم ای۔ ایم تک رسائی، ان اضلاع میں ای۔ ایم کی خدمت کرنے میں سرگرم عمل این۔ جی۔ اوز کے طوسط سے ممکن بنائی گئی؛

b) عمر، علمی قابلیت اور معاشی سرگرمی کی حیثیت (چاہے وہ ملازم، گھریلو کارکن یا بیروزگار اورریٹائرڈ افراد تھے) کے لحاظ سے موزوں و متناسب ای۔ ایم کو مرکوز گروہی مباحثوں میں مدعو کیا گیا؛

c) ان ای۔ ایم تک پہنچنے کی کوششیں کی گئیں جن سے رابطہ کرنے میں مشکلات پیش آئیں یعنی جو این جی اوز کی طرف سے منعقدہ سرگرمیوں میں شرکت نہیں کرتے۔ مذہبی مقامات کے مرکزی دروازوں پر جہاں ایسے ای۔ ایم اکثر اوقات آیا جایا کرتے ہیں، اور دوسرے ای۔ ایم کے حوالوں سے برف کے گولوں کے نمونوں کی تکنیک کے ذریعے ان تک رسائی حاصل کرنے جیسی کوششوں کی مثالیں پیش کی جا سکتی ہیں؛

e) زبان کی رکاوٹوں پر قابو پانے کے لیے، ای۔ ایم کو ان مرکوز گروہی مباحثوں میں بطور مترجم / سہولت کار تعینات کیا گیا جن میں متکلمین کینٹونیز، مینڈرن یا انگلش نہیں بول سکتے تھے؛

f) خواتین ای۔ ایم کی طرف سے مرکوز گروہی مباحثوں میں شرکت کرنے کی ہچکچاہٹ کو مزید کم کرنے کے لیے، خواتین ای۔ ایم کی موجودگی کے دوران پروجیکٹ ٹیم کی طرف سے خواتین محققین کو مرکوز گروہی مباحثوں میں سہولت کار کے طور پر تعینات کیا گیا؛

g) انڈین اور پاکستانی متکلمین کے لیے علیحدہ مرکوز گروہی مباحثوں کا انتظام کیا گیا۔

### اسٹیک ہولڈرز رائے دہندگان

3. 179 اسٹیک ہولڈرز کو ملاکر کل 30 تفصیلی انٹرویوز اور 16 مرکوز گروہی مباحثے منعقد کیے گئے۔ ذیل میں انٹرویوز دینے والوں اور متکلمین کا تفصیلی جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

| انٹرویو دینے والے / متکلمین | | کل تفصیلی انٹرویوز | کل مرکوز گروہی مباحثے | شرکت کرنے والے کل اسٹیک ہولڈرز |
|---|---|---|---|---|
| اہم اطلاعات کنندگان | | 6 | - | 6 |
| حکومتی محکمے / ایجنسیاں | | 11 | - | 23 |
| خدمت فراہم کنندگان | معاون خدماتی مراکز | 4 | - | 6 |
| | دوسری این۔ جی۔ اوز | 7 | - | 9 |
| | ای۔ ایم تنظیمیں | 2 | - | 5 |
| ای۔ ایم شرکاء* | | - | 16 | 130 |
| **کل** | | **30** | **16** | **179** |

* ای۔ ایم شرکاء نے ہانگ کانگ میں عمر، جنس، تعلیمی قابلیت، پیشہ اور مسکن کے پھیلاؤ کے لحاظ سے متنوع پس منظر کا احاطہ کیا۔

4. 130 ای۔ ایم شرکاء میں سے 34 انڈین، 57 پاکستانی اور 39 نیپالی تھے۔ ان میں سے قریباً 65٪ فیصد خواتین تھیں۔ لگ بھگ 72٪ شرکاء کی عمر 25 - 64 سال، 16٪ کی عمر 15 - 24 سال کے درمیان اور بقیہ 12٪ کی عمر 65 سال یا اس سے زائد تھی۔ شرکاء کی تقریباً 58٪ تعداد 10 سال سے زائد عرصہ سے ہانگ کانگ میں مقیم رہی ہے، جبکہ دوسرے 21٪ شرکاء 7 سال سے کم عرصہ سے ہانگ کانگ میں سکونت پذیر رہے ہیں۔

5. 130 ای۔ ایم شرکاء میں سے، صرف 7 تمام منتخب عوامی خدمات کا استعمال کررہے تھے، جبکہ 22 کسی بھی منتخب عوامی خدمات سے استفادہ نہیں کر رہے تھے۔ تمام شرکاء میں سے آدھے سے کم، تقریباً 31٪، 14٪ اور 44٪، بالترتیب ایل۔ ڈی، ای۔ آر۔ بی اور ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی خدمات کا استعمال کر رہے تھے۔ ای۔ ایم کے تقریباً 62٪ مخصوص جواب دہندگان نے ایچ۔ اے۔ ڈی کے ای۔ ایم مراکز کے ذریعے مہیا کی گئی خدمات کا استعمال کیا ہے۔

***در پیش رکاوٹیں***

6. مطالعے کی پیش کی گئی وسعت و نوعیت کے برعکس ذیل میں کچھ درپیش رکاوٹیں پیش کی جا رہی ہیں: -

(a) اس مطالعہ میں اسٹیک ہولڈرز کی طرف سے پیش کئے گئے خیالات ان کی اپنی ذاتی توضیحات و بصیرت کی ترجمانی کرتے ہیں۔ تحقیقاتی ٹیم اس قابل نہیں تھی کہ متکلمین کے بیانات / توضیحات کی تصدیق کر سکے۔

(b) زیادہ تر ای۔ ایم جن سے تحقیقی ٹیم نے رائے لی، وہ عوامی خدمات کے استعمال کنندگان نہیں تھے۔

(c) اس بات کو تسلیم کیا گیا کہ ایک جواب دہندہ کسی تنظیم کی خدمات کو استعمال کرتا ہے جبکہ دوسرا نہیں، مرکوز گروہی مباحثوں کے عمل کے دوران خدمت استعمال کنندگان کے خیالات کو جمع کرنے کے برعکس خدمت غیر استعمال کنندگان کی خاکہ سازی بہت مشکل ہو جاتی ہے۔

(d) غیر ای۔ ایم اسٹیک ہولڈرز جن سے رابطہ کیا گیا، کے پاس ای۔ ایم کے ساتھ رابطے اور ان پر کی گئی اپنی سالوں کی تحقیق کے نتیجے میں، ای۔ ایم کی ضروریات کا بہتر علم ہو سکتا ہے۔ تاہم، اکثر اوقات وہ ای۔ ایم خدمات کے اولین استعمال کنندگان نہیں ہوتے۔

***ایچ۔ اے۔ ڈی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات***

7. ایچ۔ اے۔ ڈی، ای۔ ایم کے لیے مخصوص خدمات فراہم کرتا ہے تاکہ انہیں سماج سے جڑنے میں مدد مل سکے۔ یہ این۔ جی۔ اوز کو 6 معاون خدمت مراکز اور دو ذیلی مراکز برائے ای۔ ایم (ای۔ ایم مراکز)، جو ضرورت کے مطابق کلاس فراہم کرنا، تکمیلی پروگرام وغیرہ پیش کرتے ہیں، چلانے کا اختیار دیتا ہے۔ تمام ای۔ ایم مراکز با آسانی چل رہے ہیں۔ خدمت حاصل کرنے والوں سے حاصل ہونے والی رائے بہت ہی مثبت رہی ہے اور ان کا خیال ہے کہ یہ خدمات ان کی مخصوص ضروریات کو پورا کر سکتی ہیں۔

8. ای۔ ایم مراکز سے ہٹ کر، ایچ۔ اے۔ ڈی دوسرے پروگراموں، بشمول سماجی امداد کی ٹیموں، درمیانی رابطہ کار سکیموں، ضلعی بنیاد پر تکمیلی پروگراموں، ہم آہنگ وظائف کی سکیم وغیرہ پر بھی عمل درآمد کرتا ہے تاکہ ای۔ ایم کو جلد سماج میں ڈھالنے میں مدد دی جا سکے۔

9. ای۔ ایم تک مفید معلومات پہنچانے کے لیے، ایچ۔ اے۔ ڈی پانچ ای۔ ایم زبانوں میں ریڈیو پروگرام اسپانسر کرتا ہے، ایک وقف شدہ ویب سائٹ چلاتا ہے اور چھ ای۔ ایم زبانوں اور انگریزی میں رہنماء کتابیں شائع کرتا ہے، اور ایک این۔ جی۔ او کو نئے آنے والے ای۔ ایم میں معلوماتی کٹس تقسیم کرنے اور ایئرپورٹ پر تفتیشی معاملات حل کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ نسلی ہم آہنگی کے فروغ کیلئے، ای۔ ایم اور نسلی تعلقات کے چائنیز اسٹاف کا یونٹ (آر۔ آر۔ یو)، ایچ۔ اے۔ ڈی کے زیر نگرانی سکولوں میں مباحثے اور ثقافتی تنوع اور نسلی ہم آہنگی کے موضوع پر روونگ نمائش منعقد کراتے ہیں۔

**ایچ۔ اے۔ ڈی کی خدمات پر اسٹیک ہولڈرز کے خیالات**

10. زیادہ تر ای۔ ایم رائے دہندگان کا موقف تھا کہ "بقا" کے لیے ضروری ہے کہ زبان کے کورسز انتہائی بنیادی سطح پر تیار کرائے جائیں۔ کمپیوٹر کلاس بھی ایک بنیادی وجہ تھی۔ ای۔ ایم کو محض مختصر نوٹس پر تربیتی کورسز کی دستیابی سے متعلق اطلاع دی گئی۔ نتیجتاً، کافی ای۔ ایم کو کورسز میں شرکت کے لیے اپنی وابستگیوں کے لئے وقت کے دوبارہ تعین میں دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ جہاں تک بچوں کے لئے اسکول کے بعد ٹیوٹوریلز کا تعلق ہے، اس کی طلب تو زیادہ ہے لیکن دستیاب جگہیں نا موافق ہیں۔

11. کئی ای۔ ایم رائے دہندگان نے محسوس کیا کہ ای۔ ایم مراکز کی طرف سے منعقد کرائی گئی زیادہ تر سرگرمیاں تفریحی سرگرمیاں ہیں۔ یہ اتنا زیادہ مددگار نہیں ہیں جتنا کہ سماج سے جڑنے کے لئے انہیں مدد گار ہونا چاہئے چونکہ بیشتر شرکاء ای۔ ایم سے ہوتے ہیں۔ یہ نشاندہی کی گئی کہ ای۔ ایم کو مقامی سماج سے جڑنے کی سہولت اور مختلف نسلیات کے مسکنوں کے درمیان ہم آہنگی کے فروغ کے لئے بنیادی اہداف مقرر کئے جانے چاہئیں۔ ای۔ ایم کو مجتمع کرنے کے لئے ای۔ ایم مراکز کی طرف سے منعقد کی گئی سرگرمیاں محض پہلا قدم تھیں۔

12. مزید برآں، کئی ایک ای۔ ایم رائے دہندگان کے مطابق ای۔ ایم مراکز کی جانب سے منعقد کی جانے والی سرگرمیاں ای۔ ایم سماج کے مخصوص اہدافی گروہوں کو منتخب نہیں کرتیں، اور ای۔ ایم کی مختلف و متنوع ضروریات کی طرف توجہ دینے میں ناکام رہی ہے۔ ہانگ کانگ میں نئے آنے والے ای۔ ایم کی ضروریات ان ای۔ ایم سے بہت مختلف ہیں جو کافی عرصے سے ہانگ کانگ میں رہ رہے ہیں۔ یہ تجویز بھی پیش کی گئی کہ ہانگ کانگ میں نئے آنے والے ای۔ ایم کی معلومات اکٹھی کی جائیں تاکہ انہیں موثر خدمات مہیا کی جا سکیں۔

**خدمات فراہم کنندگان کو درپیش مشکلات**

13. ای۔ ایم کے لئے سرگرمیاں منعقد کرنے کے ضمن میں، ای۔ ایم مراکز کو موزوں گردونواح میں جائے وقوع کی تلاش میں مشکل پیش آتی ہے۔ مکانات کے زیادہ کرایوں کی وجہ سے ای۔ ایم مراکز اپنی طرز کی

سرگرمیاں منعقد کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ مزید برآں، کچھ ای۔ ایم مراکز جو زیادہ کرایوں کی بڑھتی ہوئی قیمتیں ادا کرنے سے قاصر ہیں، انہیں کم کرایوں والے دور دراز مقامات کی طرف رخ کرنا پڑتا ہے۔ جس سے ان مراکز کی اپنے موجودہ شریک اراکین کو سنبھالے رکھنے اور نئے اراکین کو متوجہ کرنے کی اہلیت متاثر ہوئی ہے۔

14. علاوہ ازیں، ایچ۔ اے۔ ڈی کی طرف سے، ای۔ ایم مراکز کو عطیہ دینے کے معاہدوں کی مدت صرف دو سال ہوتی ہے۔ اس طرح ای۔ ایم مراکز کے لئے طویل المدتی منصوبوں کا حصول مشکل ہو جاتا ہے۔ سکول کی سرگرمیاں، جن کی عموماً ایک سال پیشگی منصوبہ بندی کر لی جاتی ہے، اس طرح ای۔ ایم مراکز کے پاس ان سرگرمیوں کی منصوبہ بندی اور عمل کا وقت ایک سال سے بھی کم رہ جاتا ہے۔ جس سے ای۔ ایم مراکز کے سٹاف کے پاس ای۔ ایم طلباء کے ساتھ تعلق استوار کرنے اور ان کی توجہ مبذول کرنے کا بہت کم وقت بچتا ہے، چنانچہ ان کے پروگرامز کی افادیت کافی زیادہ متاثر ہوتی ہے۔

**ای۔ ایم مراکز کی طرف سے اپنایا گیا قابلِ ستائش عمل**

15. نوکریوں کی تلاش میں ای۔ ایم کی مشکلات کو حل کرنے کیلئے، کچھ ای۔ ایم مراکز ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والوں کے لئے نئی بھرتی کے ایام اور ملازمت میلوں کا انتظام کرتے ہیں، جہاں آجر موقع پر ہی نوکری کے انٹرویوز اور نوکری کی پیشکش کر سکتے ہیں۔ یہ مراکز ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والوں کیلئے دوسری این۔ جی۔ اوز اور ایل۔ ڈی کی طرف سے منعقدہ ملازمت میلوں اور روزگار سے متعلقہ نمائشوں میں شرکت کا بندوبست بھی کرتے ہیں۔ ان ای۔ ایم مراکز کی کوششوں کے ذریعے، آجروں کو کینٹونیز بول چال پر کم مطالباتی ضروریات کی نوکریوں کے مواقع پیش کرنے پر حوصلہ افزائی دی جاتی ہے۔ ای۔ ایم کی ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد کے لئے روزگار کی معاونت کو کافی مؤثر سمجھا جاتا ہے۔

***ایل۔ ڈی کی طرف سے فراہم کی جانے والی خدمات***

16. ایل۔ ڈی، ای۔ ایم سمیت، 13 نوکری مراکز کے ایک نیٹ ورک، کیٹرنگ، ریٹیل اور تعمیراتی صنعت سے متعلق تین نئی بھرتی کے مراکز، ایک خالی اسامی کی پروسیسنگ کا مرکز اور ایک خدمت مرکز برائے ٹیلیفون ملازمت کے ذریعے نوکری تلاش کرنے والوں کے لئے کئی ایک مفت روزگار خدمات مہیا کرتا ہے۔ نوکری تلاش کرنے والے تفاعلی روزگار خدمت (آئی۔ ای۔ ایس) کی ویب سائٹ، اس کی موبایل اپلیکیشن کے ساتھ ساتھ ملک بھر میں قائم آسامی تلاش کرنے کے ٹرمینلز کے ذریعے بھی تازہ ترین آسامیوں کی معلومات لے سکتے ہیں۔

17. ستمبر 2004 سے، ایل۔ ڈی نے نوجوانوں کی ملازمت اور تربیتی پروگرام (وائی۔ ای۔ ٹی۔ پی) کے زیرتربیت نسلی اقلیتوں کے افراد کو ملازمت دینے کیلئے درمیانی رابطہ کار پروگرام برائے روزگار خدمات (ای۔ ایس۔ اے) شروع کر رکھا ہے ایسے افراد چھ ماہ کے لیے نوکری مراکز، صنعتی بنیادوں پر قائم نئی بھرتی کے مراکز اور ملازمت میلوں میں بطور ای۔ ایس۔ اے، ای۔ ایم زبانوں میں آگاہی دے سکتے ہیں۔ مزیدیکہ، مئی 2017 سے، ایل۔ ڈی نے ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والوں، خاص طور پر جنوبی ایشیائی نژاد افراد کی ملازمت میں معاونت مستحکم کرنے کے لئے عملی بنیادوں پر شام شوئی پو میں مغربی کولون روزگار مرکز اور ٹن شوئی وائی میں ون - اسٹاپ ملازمت پر ای۔ ایم زبانوں میں ماہر دو روزگار معاونین کو تعینات کر رکھا ہے۔

18. اس کے علاوہ، ایل۔ ڈی نے ایک خاص ای - پلیٹ فارم، آئی۔ ای۔ ایس ویب سائٹ (www.jobs.gov.hk/EM) پر نوکری کی تلاش کرنے والے ای۔ ایم کے لئے وقف شدہ ویب کا صفحہ قائم کر رکھا ہے۔ یہ ویب سائٹ، جس پر آجروں کی طرف سے خالی آسامیاں مشتہر کی جاتی ہیں اور نوکری تلاش کرنے والے ان ای۔ ایم کو خوش آمدید کہا جاتا ہے جو چینی زبان کے تھوڑے بہت علم سے آشنا یا غیر آشنا ہوتے ہیں، اس کے علاوہ ای۔ ایم سے متعلق کامیاب روزگار کی کہانیاں بھی شائع کی جاتی ہیں۔

**ایل۔ ڈی کی ای۔ ایم کے لئے روزگار کو فروغ دینے کی خدمات**

19. ایل۔ ڈی کی روزگار خدمات سے متعلق ای۔ ایم کی آگاہی بڑھانے کے لئے، انگریزی اور چھ ای۔ ایم زبانوں میں پروموشنل کتابچے تیار کئے جاتے ہیں۔ مزید برآں، ای۔ ایس۔ اے اور روزگار معاونین جو ای۔ ایم سماج کے اراکین بھی ہوتے ہیں، کی مدد سے ایل۔ ڈی عملی طور پر ای۔ ایم تک ان کی عمومی اجتماعی جگہوں مثلاً مساجد، ضلعی بنیادوں پر قائم تنظیموں، کریانہ اسٹوروں، خوراک کے اداروں، ای۔ ایم پر حدف شدہ سرگرمیوں وغیرہ پر پہنچتی ہے اور ان میں یہ حوصلہ افزا کتابچے بانٹتی ہے۔ اس کے علاوہ ہانگ کانگ مجلس برائے سماجی خدمت کے نیٹ ورک کے ذریعے ای۔ ایم کی خدمت کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ جاری مذاکرات کو برقرار رکھا جاتا ہے۔

**ایل۔ ڈی کی آجروں کو فروغ دینے کی خدمات**

20. ایل۔ ڈی مسلسل آجروں کو زبان کی ضروریات کی وضاحت کرنے کے دوران اسامیوں کی اصلی پیشہ ورانہ اہلیتوں پرغورکرنے کی یاد دہانی کراتا رہتا ہے اور دہری زبان میں آسامی کی معلومات مہیا کرنے پر ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ آجروں کو بذاتِ خود بھی چینی زبان کی ضروریات (مثلاً چینی زبان کو پڑھنا اور لکھنا، کینٹونیز اور مندارن کا بولنا) کے چاروں پہلوؤں کی وضاحت کرنا ضروری سمجھا جاتا ہے اور نوکری ڈھونڈنے والے ای۔ ایم کے لیے آسامیاں پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے جو عملی طور پر چینی زبان لکھنے کا تھوڑا بہت علم رکھتے ہیں۔ علاوہ ازیں، آجروں کو ای۔ ایم ثقافتوں اور مہارتوں سے شناسائی حاصل کرانے کے لیے تجربے کی اشتراکی نشستوں کا انتظام کیا جاتا ہے تاکہ ان کا ای۔ ایم کے ساتھ رابطہ ہو سکے۔

21. اس کے علاوہ، ایل۔ ڈی، ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والوں کے لئے موزوں آسامیوں کے حصول کی مسلسل تگ ودو کر رہا ہے تاکہ ان کے روزگار کے مواقعوں کو وسعت دی جاسکے۔ ایل۔ ڈی بڑے پیمانے اور ضلعی بنیادوں پر مخصوص ملازمت میلے منعقد کرواتا ہے جہاں پر ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والے، نوکری کی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں اور موقع پر ہی آجروں کی طرف سے ہونے والے انٹرویوز میں شرکت کر سکتے ہیں۔ نئی بھرتی کرنے والے آجروں کو ان ملازمت میلوں میں شرکت کرنے، چینی زبان کی ضروریات کو نرم کرنے کی خاطر آجروں کی حوصلہ مندی کیلئے خاص کوششیں کی گئیں۔

**ایل۔ ڈی کی خدمات پر اسٹیک ہولڈرز کے خیالات**

22. زیادہ تر ای۔ ایم رائے دہندگان نے نشاندہی کی کہ انہیں عموماً خاندان کے افراد اور دوستوں کے ذریعے نوکری کی دستیابی کی معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ ان کے خیال میں ایل۔ ڈی کی طرف سے پیش کی جانے والی نوکریاں زیادہ تر تعمیراتی جگہوں پر دستی کارکنوں یا خدمت کارکنوں کی ہوتی ہیں۔ دستیاب نوکری کی آسامیاں اتنی متنوع نہیں ہوتیں کہ جن سے مختلف تعلیمی درجے اور مہارتوں کے ساتھ ای۔ ایم کی روزگار کی ضروریات پوری ہو سکیں۔ مزید براں، ای۔ ایم کو پیش کی جانے والی بیشتر نوکریوں میں چینی زبان، بشمول انگریزی زبان کی تربیت، کھاتا نویسی اور آئی ٹی سے متعلقہ نوکریوں کی ضرورت بہت زیادہ ہوتی ہے۔

23. کچھ ایسے تاثرات بھی نوٹ کئے گئے کہ ٹیلیفون روزگار خدمت کی ہاٹ لائن کی نگرانی کرنے والا ایل۔ ڈی عملہ ای۔ ایم کے ساتھ مکمل طور پر انگریزی میں گفت و شنید کرنے میں ناکام رہا ہے، جس سے ہاٹ لائن کی افادیت پر اثر پڑا ہے۔ کئی ای۔ ایم کا کہنا تھا کہ بعض اوقات عام صارفین کو توضیحی خدمت کیلئے کافی وقت انتظار کرنا پڑتا ہے۔ جبکہ زیادہ تر ای۔ ایم رائے دہندگان نے نوکری مراکز پر ایل۔ ڈی عملے کو مشفق اور خوش اخلاق پایا، جہاں تک نوکریوں کی تلاش کا تعلق ہے تو انکی خدمات زیادہ تر مددگار ثابت نہیں

ہوئیں۔ بہت سے ایل۔ ڈی صارفین نے یہ اظہار کیا کہ کبھی کبھار ایل۔ ڈی سے کسی جواب کے حصول سے قبل کافی وقت انتظار کرنا پڑتا ہے۔ یہ منفی تجربہ غالباً اس وجہ سے ہوسکتا ہے کہ کیوں کچھ ای۔ ایم، ایل۔ ڈی کی روزگار خدمت کے استعمال سے ناخوش تھے۔

24. مزیدیکہ، ای۔ ایس۔ اے کا کردار قدرے محدود ہے۔ وہ صرف اس وقت زبان کی رکاوٹیں توڑنے میں مدد کرتے ہیں جب ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والے مراکز یا ملازمت میلوں پر سہولیات و خدمات استعمال کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ مقامی مارکیٹ سے متعلق لاعلم ہوتے ہیں۔ کل وقتی عملہ تعینات کیا جانا چاہیے۔ دوسری جانب اسٹیک ہولڈرز اس بات سے خوش ہیں کے ایل۔ ڈی نے مئی 2017 سے ابتدا کرتے ہوئے دو کل وقتی ای۔ ایم زبانوں میں ماہر عملے کی تعیناتی ہے۔

25. کئی ای۔ ایم رائے دہندگان کی طرف سے اس بات کو نوٹ کیا گیا کہ کچھ آجر ای۔ ایم ثقافتوں، بشمول مذہبی ارکان مثلاً رمضان کے دوران روزے اور مذہبی نمازوں (مثلاً دن میں پانچ مرتبہ نماز) سے نا واقف ہوں اور ہو سکتا ہے کہ وہ کام کی ترتیب یا دفتری انتظام (مثلاً نماز کے لئے الگ جگہ) کیلئے نا رضامند ہوں۔

## ایل۔ ڈی کے لئے تجاویز

26. آجروں کی مدد کے لئے، یہ تجویز پیش کی گئی کہ ایل۔ ڈی، غیر سرکاری تنظیموں کے تعاون سے، آجروں کی ثقافتی حساسیت بڑھانے کے لیے مجالس مذاکرات منعقد کرائے جس میں آجروں کو ای۔ ایم کے کام کرنے کی عادتوں اور مذہبی طریقوں سے متعلق وضاحت کی جائے۔ اس سے کام کرنے کی جگہوں پر ای۔ ایم اور ان کے مقامی چینی ہم منصبوں کے درمیان بہتر تعلقات استوار کرنے کے لئے سازگار طریقوں کو اپنانے میں مدد ملے گی۔ اس طرح ای۔ ایم میں سے نوکری تلاش کرنے والوں کے لیے مقامی روزگار مارکیٹ کے حالات، بشمول معمول کے کام کی عادت اور آجروں کی توقعات پر مباحثے یا مجالسِ مذاکرات بھی منعقد کرائے جانے چاہئیں۔

## غیر سرکاری تنظیموں کے موئژ طریقے

27. ایک معائنہ کار غیر سرکاری تنظیم ای۔ ایم کے لیے کامیابی سے روزگار محفوظ کرنے کے بعد جائزہ خدمات مہیا کرتی ہے۔ جائزہ خدمات میں آجروں کو ای۔ ایم ثقافتوں سے متعلق معلومات مہیا کرنا اور آجروں اور ای۔ ایم ملازمین دونوں کو ایک دوسرے کے طریقوں اور توقعات کو سمجھنے اور مطابقت قائم کرنے میں معاونت کرنا شامل ہے۔ کئی غیر سرکاری تنظیموں نے یہ خیال بھی ظاہر کیا کہ ایسی جائزہ خدمات آجروں اور ای۔ ایم ملازمین دونوں کے لیے بہت مددگار ثابت ہوئی ہیں۔ انہیں یہ بھی علم ہوا کے اکثر و بیشتر کام کرنے کی جگہ پر "مفید و غیر مفید" کاموں کی فہرست آویزاں کرنا آجروں ور ای۔ ایم ملازمین دونوں کے لئے بہت سود مند رہا ہے۔

## ای۔ آر۔ بی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات

28. ای۔ آر۔ بی ہم آہنگی پیدا کرتا ہے، فنڈز مہیا کرتا ہے اور مارکیٹ کار فرما اور روزگار پر مبنی تربیتی کورسز اور خدمات کی نگرانی کرتا ہے تاکہ روزگار مارکیٹ کی بدلتی ہوئی ضرورتوں کو پورا کیا جا سکے۔ 2007 سے، ای۔ آر۔ بی، ای۔ ایم کی خواہشات اور تربیتی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے انگریزی زبان میں پڑھائے گئے مخصوص تربیتی کورسز مہیا کر رہا ہے۔ اکتوبر 2016 سے، ای۔ ار۔ بی نے اضافی تربیتی مواد کی تیاری کے لیے تربیتی عملے کو امداد بھی مہیا کر رہا ہے اور ان ای۔ ایم کی سہولت کے لئے سیکھنے کی معاون خدمات مہیا کرتا ہے جو عوامی اراکین کو فراہم کردہ اندازاً 500 تربیتی کورسز میں شرکت کے لیے کینٹونیز بول یا سمجھ سکتے ہیں۔

29. ان ای۔ ایم کی سہولت کے لئے جو مکمل کورس کیلئے اپنا وقت نہیں دے پاتے، 2016 میں قدری اسناد یکجا

کرنے کی حکمت عملی شروع کی گئی تاکہ ای۔ ایم اور دوسرے متعلمین بھی مکمل تسلیم شدہ معیار اہلیت، جو کہ اس سے پہلے صرف زیادہ لمبے دورانیے کے کورس میں شرکت کے ذریعے ممکن تھا، کے حصول کی غرض سے کئی مختلف کورسز کے ذریعے حاصل کردہ اسناد یکجا کر سکیں۔

30. ای۔ آر۔ بی، ای۔ ایم کے لیے گاہے بگاہے تربیتی کورسز اور خدمات کا جائزہ لیتا رہتا ہے، اور اس عمل میں اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات طلب کرتا ہے۔ معیادی بنیادوں پر، ای۔ آر۔ بی نسلی اقلیتوں کی تربیت کے دوران دوسرے معاملات، ای۔ ایم کی تربیت اور روزگار ضروریات کو زیر بحث لانے کے لئے، مرکوز گروہوں سے ملاقات کرتا ہے۔ مرکوز گروہ، ای۔ ایم گروہوں کے نمائندگان، سماجی خدمت کی تنظیموں، تربیتی عملے، آجر اور متعلقہ حکومتی عملے پر مشتمل ہوتا ہے۔

**ای۔ آر۔ بی خدمات کی تشہیر**

31. ای۔ ایم سماج میں پروگرام کی تشہیر کیلئے، انگریزی اور چھ نسلی اقلیت کی زبانوں (ہندی، اردو، نیپالی، انڈونیشیائی، فلپائنی اور بشمول تھائی) میں کتابچے شائع کیے جاتے ہیں۔ نصاب کا کوائف نامہ انگریزی میں تیار کیا جاتا ہے، اور ای۔ ایم کے نصاب کو فروغ دینے کے لیے انگریزی، اردو اور نیپالی اخبارات میں اشتہار دیئے جاتے ہیں۔ تشہیری کتابچے اور نصابی کوائف نامے مختلف واسطوں سے تقسیم کیے جاتے ہیں۔

32. اس کے علاوہ، ای۔ آر۔ بی ضلعی بنیاد پر سرگرمیوں، بشمول ضلعی رہنما دوروں، نصاب اور صنعتی نمائشوں کو منعقد کرنے کے لیے تربیتی عملے کو اسپانسر کرتا ہے اس کے ساتھ ساتھ عوامی اراکین اور ای۔ ایم کی روزگار کے مواقع بڑھانے، تربیت اور روزگار معلومات کی اشاعت کے لئے ملازمت میلوں کا انعقاد کرتا ہے۔

**ای۔ آر۔ بی خدمات پر اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات**

33. کچھ ای۔ ایم رائے دہندگان نے نشاندہی کی کہ وہ ای۔ آر۔ بی کی خدمات سے باخبر نہیں تھے۔ جب انہیں مرکوز گروہی مباحثوں کے دوران ای۔ آر۔ بی پرموشنل کتابچے دیئے گئے، تو ان کی دلچسپی میں اضافہ ہوا۔ ای۔ آر۔ بی کی طرف سے پیش کردہ تربیتی کورسز میں ای۔ ایم رائے دہندگان کی معمولی شرکت، ان کی معمولی آگاہی کو ظاہر کرتی ہے۔

34. زبان کے کورسز کیلئے ای۔ ایم رائے دہندگان کی طرف سے تربیتی معیار پر ناموافق تاثرات پیش کیے گئے۔ مثال کے طور پر، انہوں نے نشاندہی کی کہ اسباق کی تبدیلی سے کچھ کورسز کی ربط اور مطلوبہ نتائج اثرانداز ہوئے۔

35. کئی ای۔ ایم رائے دہندگان کی طرف سے یہ تاثرات پیش کیے گئے کہ امیدوار جن ای۔ آر۔ بی کورسز کے لیے درخواست جمع کرا سکتا ہے، ان پر حد بندی قائم ہے۔ اگر کسی ایسے کورس، جس کے لئے امیدوار نے درخواست جمع کرائی ہو، کو ناکافی درخواست دہندگان کی وجہ سے منسوخ کر دیا جائے تو امیدوار کو دوسرے ای۔ آر۔ بی کورس کیلئے درخواست جمع کرانے سے پہلے اپنی درخواست منسوخ کرانا پڑتی ہے۔

36. بہت سے اسٹیک ہولڈرز نے یہ خیال ظاہر کیا کہ نوکری کے مختلف درجوں کے لیے ای۔ آر۔ بی کی طرف سے تربیتی اسناد بطور لازمی شرط طلب نہیں کی جاتیں۔ زیر تربیت ای۔ ایم نے محسوس کیا کہ ای۔ آر۔ بی سے تربیت پانے کے بعد بھی وہ صرف تربیت سے پہلے والی نوکریوں کو تلاش کر سکتے ہیں۔ اس سے ای۔ آر۔ بی کورسز میں شرکت کرنے والے ای۔ ایم میں کم دلچسپی کی توجیہ پیش کی جا سکتی ہے۔

37. اس بات کی نشاندہی کی گئی کہ ای۔ ایم کے زیادہ تر کورسز کے لئے روزانہ 6 - 8 گھنٹے کا دورانیہ بہت سے ای۔ ایم کی زندگی کے طور طریقوں کے لیے نامناسب ہے۔ وہ ای۔ ایم جو پارٹ ٹائم نوکریاں کرتے ہیں یا جنہیں اپنے سکول جانے والے بچوں کی دیکھ بھال کرنا پڑتی ہے، کے پاس کلاسز میں شرکت کرنے کے لیے صرف 2 - 3 گھنٹے بچتے ہیں۔

38. کورس فراہم کرنے والوں کی طرف سے، یہ مشورہ دیا گیا کہ کم ازکم کلاس حجم کی طلب نے ان کے لئے غیر یقینی صورتحال پیدا کی ہے، کیوں کہ بسا اوقات کافی تعداد کے ساتھ کلاس کو متعلمین سے پُر کرنا ناممکن ہوتا ہے۔

**ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات**

39. فلاحی خدمات کی منصوبہ بندی اور انہیں لاگو کرنے کے لیے، ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی نے نسلی اقلیتوں کی سماجی ضروریات کو بہتر طور پر سمجھنے کےلئے اعداد و شمار اور معلومات کا حوالہ پیش کیا ہے۔ متعلقہ یونٹوں کے سماجی کارکنان / سماجی حفاظتی عملے کو "نسلی اقلیتوں کے لیے فلاحی خدمات مہیا کرنے سے متعلق اہم نکات" جاری کیے جاتے ہیں تاکہ ای۔ ایم گروہوں کے سماجی طریقوں اور مناسب تشریح و ترجمہ کی خدمات سمیت ای۔ ایم کی خدمت کے لیے حوالہ فراہم کیا جائے۔ نسلی اقلیتوں کو فلاحی خدمات فراہم کرنے کے لئے ضلعی ہم منصبوں کو اندرونی مدد کی تفویض پر مامور ہر انتظامی ضلع میں ایک نامزد شخص موجود ہوتا ہے۔

40. نسلی مساوات کے فروغ اور متعلقہ فلاحی خدمات کے یکساں حصول کو بڑھانے کے لیے، ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی اہم خدمات کے کتابچے 6 ای۔ ایم زبانوں میں پیش کئے جاتے ہیں۔ یہ خدمت مراکز پر اور آن لائن بھی دستیاب ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ای۔ ایم معلومات تک آسان رسائی کے حصول کو ممکن بنانے کے لیے ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کے انٹرنیٹ ہوم صفحے پر دیدہ کش آئیکن "ای۔ ایم کے لئے معلومات" شامل کیا گیا ہے۔ ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی ہاٹ لائن نے ای۔ ایم گروہوں میں سے کال کرنے والوں کو ٹیلی فون کی توضیحی خدمت تک جلد رسائی ممکن بنانے کے لئے، اس خدمت کو 7 عمومی زبانوں میں مہیا کیا ہوا ہے تاکہ انہیں فلاح و بہبود کی خدمات سے متعلق استفسار کرنے کی سہولت میسر ہو۔ اس کے علاوہ، ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی نے مدد طلب کرنے والے ای۔ ایم کی رہنمائی کیلئے آئی۔ ایف۔ ایس۔ سی میں ای۔ ایم کو بطور فلاحی مددگار اور رابطہ کار معاونین مقرر کیا ہوا ہے۔

**ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی خدمات پر اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات**

41. بہت سے ای۔ ایم رائے دہندگان کے مطابق، انہیں ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کا اس وقت پتا چلتا ہے جب وہ وسیع معاونت برائے سماجی تحفظ (سی۔ ایس۔ ایس۔ اے) یا بڑھاپے کے وظیفے کے لیے درخواست جمع کراتے ہیں۔ تاہم، انہیں ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی طرف سے دوسری مہیا کی جانے والی خدمات کا علم نہیں۔

42. اس کے علاوہ غیر سرکاری تنظیموں کی طرف سے جاری رکھے جانے والی سرگرمیاں، کتابچے کی معلومات اور اطلاع نامے چینی زبان میں لکھے جاتے ہیں۔ اس سے ان ای۔ ایم کا امکان کافی حد تک کم ہو گیا ہے جو بالخصوص ای۔ ایم کے لیے منعقد نہ کی جانے والی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے کینٹونیز بول سکتے ہیں۔ اس طرح وہ سرگرمیاں، جن میں ای۔ ایم اور ان کے مقامی چینی ہم منصب دونوں حصہ لیتے ہیں، کے ذریعے ای۔ ایم کے مقامی سماج میں انضمام کی مزید رکاوٹ پیدا کی جارہی ہے۔

43. اس کے علاوہ، ای۔ ایم سے ہونے والے انکشاف کے مطابق، جب وہ ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی طرف سے چلائے یا امداد دیئے جانے والے مراکز کے خدمت کاؤنٹرز پر رابطہ کرتے ہیں تو انہیں شاذ و نادر ہی توضیحی خدمات پیش کی جاتی ہیں اگرچہ ایک طرف ای۔ ایم کی طرف سے تلاش کی جانے والی خدمات اور دوسرے طرف مدمقابل عملے کی طرف سےمہیا کی جانے والی خدمات میں رابطے کے خلا کو واضح طور پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ مزید خاص طور پر، ای۔ ایم رائے دہندگان نے نشاندہی کی کہ امدادی رقم سے چلنے والے نوجوانوں کے مراکز کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات جیسے مشاورت وغیرہ زیادہ تر چینی

زبان میں پیش کی جاتی ہیں۔ اس طرح ای۔ ایم کی نوجوانوں کے مراکز سے مدد لینے کی حوصلہ شکنی ہوئی ہے۔

44. کئی ای۔ ایم نے آئی۔ ایف۔ ایس۔ سی کی طرف سے مدد لینے کے اپنے تجربے کا اظہار بھی کیا۔ جیسا کہ بہت سے ای۔ ایم کا گزشتہ تجربہ تھا یا وہ اپنے دوستوں کی طرف سے سن چکے تھے کہ توضیحی خدمت بلا تاخیر میسر نہیں ہوتی۔ انہیں آئی۔ ایف۔ ایس۔ سی کی طرف جانے کے لئے اپنے خاندان کے اراکین، ای۔ ایم احباب، یا ای۔ ایم سماجی کارکنان کو ساتھ لے جانا پڑتا ہے۔ غیر سرکاری تنظیموں کے ای۔ ایم عملے کے رائے دہندگان نے بھی اپنے تجربات کا اظہار کیا جب انہیں ای۔ ایم کے ساتھ ایس۔ ڈبلیو پر بطور "ترجمان" خدمت کرنے کا کہا گیا۔

***سفارشات***

***عمومی***

**<u>سفارش 1</u>**

45. جب یہ دیکھا جائے کہ ای۔ ایم کو متعلقہ اداروں کی طرف سے مہیا کردہ خدمات کے نتائج کی جائزہ سہولت کے لیے مخصوص اشارے راہ میں حائل کیے گئے ہیں، اور یہ جائزہ لینا آیا کہ ایسے نتائج عوامی خدمت کے یکساں حصول کے لیے کارگر ہیں، تو یہ سفارش کی جاتی ہے کہ ایچ۔ اے۔ ڈی، ایل۔ ڈی، ای۔ آر۔ بی اور ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کو جائزہ لینے پر غور کرتے رہنا چاہیے، اور اگر قابل اطلاق ہو تو ای۔ ایم کی بدلتی ہوئی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے وقتاً فوقتاً اپنے اشاروں کو بہتر کرتے رہنا چاہیے، تاکہ مستقبل میں سروس کی بہتری کے لیے اپنی خدمات کے نتائج کا بہتر جائزہ لیا جا سکے۔

**<u>سفارش 2</u>**

46. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ایچ۔ اے۔ ڈی، ایل۔ ڈی، ای۔ آر۔ بی، ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی طرف سے میل ملاپ کی کوششیں کی جانی چاہئیں تاکہ ان کی خدمات کو مکمل صورت میں مشتہر کیا جائے، خاص طور پر ای۔ ایم کی مدد کے لیے حالیہ سالوں میں جو نئے اصول متعارف کرائے گئے ہیں، انہیں خاص کامیابی کی کہانیوں کے طور پر واضح پیش کیا جائے۔

**<u>سفارش 3</u>**

47. یہ تجویز پیش کی جاتی ہے کہ عوامی خدمات مہیا کرنے کے سلسلے میں، خدمات مہیا کرنے کے لئے، امداد مہیا والی غیر سرکاری تنظیموں اور خدمات کی ترسیل کے لئے، غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ شراکت دار اور ان غیر سرکاری تنظیموں کو، جو ای۔ ایم کے ساتھ قول و قرار کرنے اور ای۔ ایم اور خدمت فراہم کنندگان کے درمیان باہمی اعتماد کے فروغ کو آسان بنانے کا کردار ادا کر رہی ہیں، فوقیت دی جانی چاہیے۔

**<u>سفارش 4</u>**

48. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ عوامی خدمات کی ترسیل کے سلسلے میں، آجروں کے میل ملاپ کی کوششوں، متعلقہ حکومتی محکموں کے ذریعے، ای۔ ایم کے لیے ملازمت کی تربیت کا اہتمام اور ای۔ ایم اور آجروں کے درمیان باہمی اعتماد کے فروغ کے تناظر میں، حکومت کی طرف مدد سے امداد دینے والی غیر سرکاری تنظیموں کو فوقیت دی جانی چاہیے۔

***مخصوص سفارشات***

***ایچ۔ اے۔ ڈی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات***

**<u>سفارش 5</u>**

49. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ای۔ ایم مراکز کی کارروائی کا جائزہ لینے کے لئے ای، ایم مراکز ہی کو اہمیت دی جانی چاہیے یہ دیکھنے کے لیے آیا کہ وہ ای۔ ایم کے مقامی سماج میں انضمام کو سہل بنانے کی مختلف اور متنوع ضروریات پر پورا اتر رہے ہیں۔

**<u>سفارش 6</u>**

50. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ایچ۔ اے۔ ڈی ہانگ کانگ میں آنے والے نئے ای۔ ایم کے جائزے کے لیے کوئی طریقہ کار وضع کرنے پر غور کرے اور ان ای۔ ایم سے فعال رابطے کے لیے غیر سرکاری تنظیموں کو اختیار دے اور نئے آنے والے ای۔ ایم کی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے انہیں خدمات بشمول واقفیت کے پروگرام اور زبان کی کلاسز مہیا کرے۔

**<u>سفارش 7</u>**

51. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ایچ۔ اے۔ ڈی، ای۔ ایم اور مقامی چینی دونوں کو احاطہ کرنے والی سرگرمیوں کے ذریعے ہونے والے انضمام پر دی جانے والی بنیادی اہمیتوں کے ساتھ، اصولی جائزے کے جانچ کی بنیاد پر، ای۔ ایم کو خدمات مہیا کرنے والی زیادہ سے زیادہ غیر سرکاری تنظیموں کو امداد دینے کے لیے فعال کردار ادا کرے۔

**<u>سفارش 8</u>**

52. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ایچ۔ اے۔ ڈی، ای۔ ایم کو دی جانے والی امداد کی موزونیت کا جائزہ لے اور ای۔ ایم مراکز سے ہونے والے معاہدے کو دو سال سے زیادہ تک بڑھانے پر غور کرے۔

***ایل۔ ڈی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات***

**<u>سفارش 9</u>**

53. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ای۔ ایم کی طرف سے نوکری تلاش کرنے والوں اور ای۔ ایم کو روزگار دینے والے آجروں کے لیے بہتر جائزہ خدمات مہیا کی جائیں۔ ایسی جائزہ خدمات میں آجروں کو ای۔ ایم ثقافتوں سے متعلق معلومات مہیا کرنا اور آجروں اور ای۔ ایم ملازمین دونوں کو ایک دوسرے کے کام کے طریقوں اور تجربات کو سمجھنے اور موافق بنانے میں معاونت کرنا شامل ہے۔

***ای۔ آر۔ بی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات***

**<u>سفارش 10</u>**

54. یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ای۔ آر۔ بی کو اس طرح سے مختلف مراکز کی حوصلہ افزائی اور سہولت دینے کے لئے اقدام کرنا چاہئے کہ ایک مرکز چند درخواست دہندگان کو قبول کرتے ہوئے ان کی درخواستوں پر غور کرے تاکہ کوئی بھی مرکز مناسب درخواست دہندگان کے ساتھ کلاس کا آغاز کرسکے۔ اس کے علاوہ،

ای۔ آر۔ بی کو پڑھانے اور کلاس کے وقت کے لحاظ سے، فراہم کردہ کورسز زیادہ قابل انتظام انداز میں پیش کرنے چاہئیں۔

***ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کی طرف سے مہیا کی جانے والی خدمات***

**<u>سفارش 11</u>**

.55 یہ تجویز دی جاتی ہے کہ ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی خدمات کے اصل مصرف کو مدنظر رکھتے ہوئے، ای۔ ایم کو پیش کی جانے والی اپنی خدمات کے نتائج کی جانچ کے اشاروں کو بہتر کرے۔

***ترجمانی کی خدمات***

**<u>سفارش 12</u>**

.56 انتظامی رہنمائی کے مطابق، یہ سفارش کی جاتی ہے کہ ای۔ ایم کی عوامی خدمات تک یکساں رسائی یقینی بنانے کے پیش نظر انہیں ترجمانی کی خدمات مہیا کرنے کے لئے، متعلقہ حکومتی محکموں کو زیادہ، بالخصوص مختلف اضلاع کی غیر سرکاری تنظیموں تک رسائی اور انہیں امداد دینی چاہئے۔

***خدمت فراہم کننگان کا رد عمل***

.57 ایچ۔ اے۔ ڈی، ایل۔ ڈی، ای۔ آر۔ بی اور ایس۔ ڈبلیو۔ ڈی کے رد عمل میں اسٹیک ہولڈرز کے تاثرات اور سفارشات مکمل رپورٹ کے ضمیمہ 3 کا حصہ ہیں۔